سبق - 2

اچھّا لڑکا

سڑک کے کنارے ایک نَل لگا ہے۔ آج اُس میں پانی دیر سے آیا۔ بہت سے لوگ بالٹی اور گھڑے لیے پانی آنے کا انتظار کر رہے تھے۔ وہاں ایک بوڑھی عورت بھی تھی۔ وہ اپنی بالٹی لیے کھڑی تھی۔

جیسے ہی پانی آیا آس پاس کھڑے لوگ جَھپٹ پڑے اور اپنے اپنے برتن بھرنے لگے۔ کچھ لوگوں کے پاس کئی کئی گھڑے اور بالٹیاں تھیں۔ ان کو پانی بھرنے میں کافی دیر لگ گئی۔ بوڑھی عورت بار بار نَل تک پہنچنے کی کوشش کرتی لیکن



پیچھے رہ جاتی۔ اُسے کھڑے کھڑے بہت دیر ہوگئی تھی۔ وہ بہت پریشان دکھائی دے رہی تھی۔ قاسم اپنی بالٹی میں پانی بھر کر جب نَل کے پاس سے ہٹا تو اُس نے بوڑھی عورت کو دیکھا۔ اُس نے آگے بڑھ کر اپنی بالٹی کا پانی اُس کی بالٹی میں ڈال دیا۔ بوڑھی عورت خوش ہوگئی۔ قاسم کو دعائیں دیں اور اپنی بھری ہوئی بالٹی لے کر گھر چلی گئی۔ سچ ہے۔

ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھّے آتے ہیں جو کام دوسروں کے

مشق

اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. نَل کہاں لگا تھا؟
2. لوگ کِس چیز کا انتظار کر رہے تھے؟
3. بوڑھی عورت بار بار کہاں پہنچنے کی کوشش کر رہی تھی؟
4. بوڑھی عورت نے قاسِم کو دعائیں کیوں دیں؟
5. دنیا میں اچھّے لوگ کون ہوتے ہیں؟

خالی جگہوں میں مناسب لفظ چُن کر لکھیے۔

1. آج نَل میں پانی ـــــ سے آیا۔ (دیر/جلدی)
2. بوڑھی عورت اپنی بالٹی لیے ـــــ تھی۔ (بیٹھی/کھڑی)
3. وہ بہت ـــــ دکھائی دے رہی تھی۔ (پریشان/خوش)
4. ـــــ عورت بار بار نَل تک پہنچنے کی کوشش کرتی۔ (جوان/بوڑھی)
5. ہیں لوگ وہی جہاں میں ـــــ (اچھّے/بُرے)

مثال دیکھ کر نیچے دیے ہوئے لفظوں کو بدل کر لکھیے۔

مثال : گھڑا = گھڑے

کپڑا = _____ لڑکا = _____

انڈا = _____ پودا = _____

مُرغا = _____ جوتا = _____

نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھیے۔

= _____

= _____

= _____

_____ =

_____ =

سوچیے اور بتائیے۔

1. نَل کے علاوہ پینے کا پانی ہمیں اور کہاں کہاں سے ملتا ہے؟
2. ہم دوسروں کی مدد کس کس طرح کر سکتے ہیں؟

مثال دیکھ کر نیچے دیے ہوئے لفظوں میں 'وں' ملا کر لکھیے۔

مثال : سڑک = سڑکوں

نَل = _____

عورت = _____

برتن = _____

گھر = _____

لوگ = _____

خوش خط لکھیے۔

سڑک	_____ _____ _____ _____ _____
جھَپٹ	_____ _____ _____ _____ _____
پیچھے	_____ _____ _____ _____ _____
قاسِم	_____ _____ _____ _____ _____
دعائیں	_____ _____ _____ _____ _____

دوسروں کی مدد کے بارے میں اگر آپ کو کوئی کہانی یاد ہو تو اپنے ساتھیوں کو سنائیے۔